ڈی۔ ایم۔ مووینز کا تیار کردہ

लम्बे हाथ

لمبے ہاتھ

اداکاران:۔ کماری ناز۔ محمود

قیمت ۱ر

سینما سمبندھی ہر قسم کی کتابیں و فوٹو منگانے کا واحد مقام

شری نارائن پستکالیہ۔ لال کڑہ۔ لاہوری گیٹ دہلی

لمبے ہاتھ کھیل کے گانے

پیار کی راہ دکھا دنیا کو، روکے جا نفرت کی آندھی
تم میں ہی کوئی گوتم ہوگا، تم میں ہی کوئی ہوگا گاندھی
تم بدلوگے الٹی چالیں بگڑے ہوئے زمانے کی
تم لاؤگے بہار واپس اس اجڑے ویرانے کی
دیکھ رہا ہے خواب زمانہ مرده چاند ستاروں سے
فکر کرو تم کچھ دنیا کی بگڑی بات بنانے کو
جن کو محبت کرنی ہے بھوکے ننگے لاچاروں سے
جنہیں تو ہے انصاف مانگنا ظلم کے ٹھیکیداروں سے
تمہیں مٹانے ہیں یہ سارے جھگڑے تخت اور تاجوں کے
تمہیں بچانی ہے یہ دنیا توپ، تیر، تلواروں سے۔
وعدہ کرو کہ تم نہ کبھی طوفانوں سے گھبراؤ گے۔
محنت اور سچائی کی ہی راہ سدا اپناؤ گے
نئی زندگی، نئی خوشی کا نیا دور تم لاؤ گے
دیکھ اپنی جان کبھی تم ایک نیا جہان بساؤ گے۔ پیار کی راہ...

ہمنے ___

جلتے ہیں عشق لڑانے، بنتے ہیں عاشق پرانے

حالت اِنکی یہی رہی تو جائیں گے اکدن نکالے
صورت تو دیکھو یہ لگتے لنگور ہیں
سمجھا دو انکو کوئی یہ کھٹے انگور ہیں
پر زرے اِنکے لوگ ہیں ڈھیلے ملالنے - چلے . . .
دیکھو ل کوئی چھو کری بس پیچھے پڑ جائیں گے
عادت سے اپنی کبھی مسٹر باج نہ آئیں گے
کبھی بجائیں گے یہ سیٹیاں کبھی گائیں گے گانے
کوئی شیریں ہو نہ ہو یہ بکے فرہاد ہیں
مجنوں، رانجھا کیوں ہوئے یہ سبکے استاد ہیں
بڑے دور سے آئے ہم کِ پیار سین پہ ڈھالنے چلے . .

لمنبلہ

او دیوالنے چھو کرے، راہ میری نہ روکے رے
بہت بُرا ہے بیچ راہ میں ٹکرالنے کا شوق رے -
پاس بُلا کے ہمیں آنکھیں نہ دِکھاؤ۔ اپنا قصور دیکھو ہم پہ نہ لگاؤ
او تیکھی چھوری، او بانکی گوری باتیں بناؤ نا - او . . .
عجب نشیلی تیری کھوئی چال ہے -
ہوش میں رہ جائے کس کی مجال ہے۔
او نیکھی چھوری لو بانکی گوری، ہوش اُڑاؤ نہ - او . .

ہے بات تیری ایسی بھولی نگاہوں میں
دیکھیے وہی رُک جائے وہی تیری راہوں میں
او نیکی چھوری، او بانکی گوری یوں مسکراؤ نہ۔ او۔۔۔

نمبر ۴

اے لبس میں نظر ٹکرائی، ٹریم میں ہوئی لڑائی
رکشہ میں ملے، تیر وہ چلیے ہو گئی دل کی صفائی
سبھی بمبئی کی سڑکوں پر ہے پریوں کا میلہ
قدم قدم پر نظر کی ٹکر دلوں کا ٹھیلم ٹھیلا
ہائے رے رام دوہائی۔ اے لبس میں۔۔۔
چوپاٹی کی چہک چاندنی جوہو کی مست ہوائیں
یہاں ریت پر یہ دل والے خواب کے محل بنائیں
دلکی شامت آئی اے لبس میں۔۔۔
یہاں حسین لٹیرے، ہنسکر بیچ راہ میں لوٹیں
بڑوں بڑوں کا دل یہ پیارے ایک ہی نگاہ میں لوٹیں
دور رہنا تو بھلائی۔ لبس میں۔۔

نمبر ۵

محبت کر کے لیا لوگے۔ اجی بدلے میں کیا دوگے
یہ ایسا راز ہے جس کو محبت کرکے سمجھوگے۔

بڑی ہلچل سی ہے زمیں کہاں کیا سہمی نظروں نے
یہ پہلا پہلا جو نکلا ہے ابھی تو اور نکلیں گے ۔ یہ ۔ ۔ ۔
کھنچا ہی جا رہا ہوں میں نہیں رکتے قدم روکے ۔
بہت پچھتاؤ گے آگے اگر اب بھی نہ سنبھلو گے ۔
کیا کس نے یہ کیا جادو ہوا میں خود سے بیگانہ ۔
جو ہونا تھا ہوا اب تو یوں ہی دن رات تڑپو گے
جو ہونا تھا ہوا اب تو ۔ ۔ ۔

بمبئی ہائے

ارے میں ہوں تیری بھول جوڑی آنکھیں لڑنے سے جو بچیں
اد جان حیا جاتا ہے کہاں ہے عاشقانہ کلوڑی
یہ میٹھی میٹھی نظر باجیاں سانسوں میں جلنے لگیں
نظروں ہی نظروں میں دلبر الجھنے لگے
ابھی ابھی آئے ابھی چلے روٹھ کے
اب کیا جلدی پڑی ارے ۔ ۔
کیوں بہکی بہکی میری چال ہے پوچھا تو ہونا
درد چھپائے ہوئے دل بےقرار میں آنکھیں بچھائے
رہ گئی کھڑی کی کھڑی ارے ۔ ۔
مانا زمانے میں لے جوڑ ہو عادت ستانے کی

لاکھو بچایا پھر بھی نظر لڑ گئی ۔ اب تو او بالا تیرے ہاتھ چھین پڑ گئی
یہ پیار کی ہتھکڑی ۔ ارے . . .

نمبر ۷

دل توڑ توڑ، مُکھ موڑ موڑ کرے چھیڑ چھاڑ کیسے ۔
ارے نا نا ۔ یُوں مُسکرانا نا ۔ کہ میں نہ آؤں
ہیں رات جیسی لٹیں میری کالی ۔ گالوں پہ میرے صبح کی ہے لالی
ارے نا نا نا ۔ یُوں پاس آنا نا ۔ بنیگی یہ نہ بات ایسے
میں مُسکاؤں تو کھلتی ہیں کلیاں ۔ آنکھیں میری ہیں یہ

نمبر ۸

ارے نا نا نا ۔ نظر مِلا نا نا ۔
بولوجی بار بار ایسے ۔ جھرنوں میں چھم چھم بجے میری پائل
کھیتوں میں اُڑتا ۔ ارے نا نا نا ۔ مجھے اِتنا ستانا نا
چلیگی یہ نہ چال ایسے
ارے کہاں چلے کاٹے جھالا ۔ ذرا تھا نیا ۔ ذرا تھا نیا ۔
سونے جیسے پیار کو سمجھ لیا تا نیا
کولھاپور میں جال بچھایا ۔ آیا میں بمبئی
اتنی جلدی ہائے ظالم تیری آنکھ بدل گئی
یارو بچنا یہ بمبئی ۔ ارے ہاں ۔ ارے کہاں

چلو نا تکرم کی یہ چال ہے - میری محبت اصلی
میں ہوں مریضِ عشق - پلاؤ مجھے دوا نہ نقلی
ارے توبہ - تم بھی نکلے قاتل - ہاں - ارے....
اجی محبت میں ایسی پتے بازی کب چلے
یہاں تو دل سے دل ملتے یا کٹ جاتے ہیں گلے
ارے ہم تو ہتھیلی پہ رکھتے ہیں جان - ہاں - ارے....

(ختم شد)

چھ روپے میں انگریزی میٹرک پاس کیجیے

اگر آپ معمولی بھی اردو جانتے ہیں تو ہماری یہ بہترین کتاب ایک گھنٹہ روز پڑھ کر تین ماہ کے اندر انگریزی میٹرک پاس کر سکتے ہیں۔ انگریزی میٹرک پاس کرنے کے بعد آپ ہر طرح کی چٹھیاں انگریزی میں لکھ اور پڑھ سکتے ہیں اور بڑھیا نوکری یا کاروبار کر کے خوب روپیہ کما سکتے ہیں۔

اس کتاب کے اندر گرامر، ٹرانسلیشن، محاورے وغیرہ کا ٹھیک ٹھیک طریقہ سے استعمال کرنا بہت ہی آسان ڈھنگ سے سمجھایا گیا ہے۔ ۲۵۰ صفحات کی ضخیم کتاب ہے۔

قیمت بمعہ ڈاک خرچ چھ روپے

منگوانے کا پتہ

شری نارائن پستکالیہ۔ لال کٹرہ لاہوری گیٹ دہلی

الہ آباد پریس دہلی